نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

27ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

544/2010

رابطہ: کورٹنی بیعل

قائم مقام ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ خیبر پختونخوا کی معاشی ترقی کے احیاء کیلئے اعانت فراہم کرے گا

پشاور(27 ستمبر 2010ء) _امریکہ نے آج خیبر پختونخوا ایوان ہائے صنعت وتجارت کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کئے ہیں جس کے تحت اس ادارے کوصوبے کے سیلاب زدہ علاقوں کی تعمیر نو اور انھیں سہارا دینے کیلئے ایک تزویراتی منصوبہ وضع کرنے اور اسے عملی جامہ پہنانے میں مدد ملے گی۔

یادداشت پر دستخط کرنے کے بعد پشاور میں متعین امریکی قونصل جنرل ایلز بتھ رُوڈ نے کہا کہ اس اشتراکِ کار سے زراعت، صنعت، تجارت، ٹرانسپورٹ، بنیادی ڈھانچے اور توانائی کے شعبوں میں معاشی ترقی کو تحریک ملے گی۔

ایوان، امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) کی مدد سے ہر شعبے کیلئے ورکنگ گروپ بنائے گا جو تعلیم، کاروباری برادری، متعلقہ سرکاری اداروں، امداد دینے والی دیگر تنظیموں کے ماہرین اور اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے والے اشتراک کاروں کے بھیجے گئے بین الاقوامی ماہرین کے نمائندوں پر مشتمل ہوں گے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800